## ریزروبینک آف انڈیا
## شعبۂ کرنسی مینیجمنٹ

# شہریوں کا چارٹر

### 1۔شہریوں کے چارٹر کا مقصد

شہریوں کا چارٹر ریزروبینک آف انڈیا (آربی آئی) کے ذریعہ فراہم کردہ نوٹوں اور سکوں کے تبادلہ کے معاملہ میں مختلف سہولیات اور آربی آئی اجراء دفاتر اور چنندہ (designated) شاخوں کے عام معیاروں کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔

### 2۔آربی آئی دفاتر میں دستیاب خدمات

آربی آئی دفاتر، جہاں شعبہ اجراء کام کر رہا ہے، عوام الناس کو اپنے نوٹوں بشمول گندے اور کٹے پھٹے نوٹوں اور سکوں بشمول غیر مروجہ اور کثرت استعمال سے خراب ہو چکے سکوں کا تبادلہ کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ بینک اس بات کا پابند عہد ہے کہ وہ متعلقہ آربی آئی اجراء دفاتر کے کاروباری گھنٹوں کے دوران اپنے کاؤنٹروں کو مفت میں تبادلہ کی سہولت فراہم کرے۔

### 3۔ان آربی دفاتر کے نام جو تبادلہ کی سہولیات فراہم کرتے ہیں

یہ سہولیات بینک کے علاقائی دفاتر پر فراہم کی جاتی ہیں جو احمد آباد، بنگلور، بیلاپور (نیوی ممبئی)، بھونیشور، چندی گڑھ، چنئی، گوہاٹی، حیدرآباد، جے پور، جموں، کانپور، کولکاتہ، ممبئی، ناگپور، نئی دہلی، پٹنہ اور تروانتپرم میں واقع ہیں اور بینک کے ذریعہ کوچی میں ایک کرنسی تجوری کا انتظام کیا جاتا ہے۔ آربی آئی اجراء دفاتر / کرنسی تجوری کے پتے اور ٹیلیفون نمبرات ضمیمہ میں دیئے جاتے ہیں۔

### 4۔بینک کے عوامی کاؤنٹروں پر گندے اور کٹے پھٹے نوٹوں اور سکوں کا تبادلہ

عوام الناس بینک کے دفاتر پر خود کو مندرجہ ذیل سہولیات حاصل کرا سکتے ہیں۔ خدمات کی لاگتوں پر خدمات اور معلومات حاصل کرنے کا طریقہ کار نیچے دیا جارہا ہے:

| سیریل نمبر | خدمات جو پیش کی جاتی ہیں | خدمت حاصل کرنے کا طریقہ کار | خدمت کی لاگت | وقت کی حد |
|---|---|---|---|---|
| I | ا) نوٹوں اور سکوں کا تبادلہ، اور<br>ب) کاؤنٹر پر خراب نوٹوں کا تبادلہ (صرف چند ٹکڑوں کے لیے) | ان کاؤنٹروں کے سیریل نمبروں کا جہاں ہر دفتر میں تبادلہ کی سہولت دستیاب کرائی جاتی ہے بینک کے ہر دفتر کے بینکنگ ہال میں مظاہرہ کیا جاتا ہے۔<br>چنندہ کاؤنٹروں پر جائیں یا چنندہ کاؤنٹروں کے تعلق سے معلومات کے لیے پوچھ تاچھ کاؤنٹر پر جائیں۔ کسی پریشانی کی صورت میں نوڈل افسر سے رابطہ کریں جس کا نام بینکنگ ہال میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ | مفت میں | **بینکنگ گھنٹوں کے دوران ادائیگی دیکھیں۔**<br>بینکنگ کے گھنٹوں کا دورانیہ کا مظاہرہ بینکنگ ہال میں کیا جاتا ہے یا پوچھ تاچھ کاؤنٹر سے اس کا پتہ لگایا جاسکتا ہے۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| II | ایسے خراب نوٹوں کا تبادلہ جنہیں ٹی ایل آر لفافوں کے توسط سے پیش کیا جاتا ہے (بڑی تعداد میں نوٹوں کے لیے) | 1۔ چندہ کاؤنٹر پر ٹی ایل آر لفافہ مانگیں یا مزید معلومات کے لیے پوچھ تاچھ کاؤنٹر پر جائیں۔<br>2۔ ٹی ایل آر لفافہ پر مطلوب معلومات پُر کریں۔<br>3۔ بینک/شاخ/کھاتہ نمبر، جہاں پر تبادلہ قدر کا کریڈٹ مطلوب ہو، کی تفصیلات کا ٹی ایل آر لفافہ پر تذکرہ کریں۔<br>4۔ تبادلہ کی قدر عام طور پر مندرجہ ذیل طریقوں پر ادا کی جائے گی:<br>**ای سی ایس کریڈٹ:** مدعی(claimant) کے بینک کھاتہ کو ای سی ایس کے توسط سے کریڈٹ کیا جائے گا، بشرطیکہ ای سی ایس فرمان آر بی آئی کے پاس جمع کر دیا گیا ہو۔<br>**پیمنٹ آرڈر:** اگر مدعی مقامی رہائشی ہو اور کوئی ای سی ایس فرمان دستیاب نہ ہو۔<br>**ڈیمانڈ ڈرافٹ:** اگر مدعی کسی بیرونی مقام کا رہائشی ہو۔<br>**منی آرڈر:** اگر مدعی کسی بیرونی جگہ کا رہائشی ہے اور اس کے پاس کوئی بینک کھاتہ نہیں ہے۔<br>5۔ پھٹے/کٹے ہوئے نوٹ بند لفافوں میں تہرے قفل ظرف(receptacle) میں عمومی کاروباری گھنٹوں کے بند ہونے کے ایک گھنٹہ بعد تک موصول کیے جاتے ہیں۔ | **ای سی ایس**<br>مفت میں۔<br>**منی آرڈر (ایم او)**<br>1000 روپے تک کی رقم کے لیے کوئی چارج نہیں۔ 1000 روپے سے زائد رقم کے لیے ڈاک خانہ کے ذریعہ چارج کیا گیا حقیقی کمیشن۔<br><br>**ڈیمانڈ ڈرافٹ: (ڈی ڈی)**<br>تبادلہ کی حقیقی رقم، جیسا لاگو ہو، بھیجی گئی رقم پر۔<br><br>**پیمنٹ آرڈر (پی او)**<br>مفت میں۔ | **ای سی ایس**<br>تبادلہ کی قدر مدعی کے کھاتہ میں خراب نوٹوں کی وصولی کی تاریخ سے 4 کاروباری دنوں میں کریڈٹ کر دی جائے گی۔<br><br>**ایم او/ڈی ڈی/پی او/ایم او/ڈی ڈی/پی او**<br>انھیں خراب نوٹوں کی وصولی کی تاریخ سے 4 کاروباری دنوں کے اندر مدعی کو ارسال کیا جائے گا۔ |
| III | بیمہ شدہ پارسل کے توسط سے پیش کردہ خراب نوٹوں کا تبادلہ (نوٹوں کی ہر بڑی تعداد کے لیے) | 1۔ خراب نوٹوں کو بیمہ شدہ اور رجسٹر شدہ پارسل کے ذریعہ متعلقہ اجراء دفتر کے عمومی/نائب منتظم کو بھیجیں جس کا پتہ پوچھ تاچھ کاؤنٹر یا ریزرو بینک آف انڈیا کی ویب سائٹ سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔<br>2۔ ایک منسلکہ خط پر بھیجے ہوئے نوٹوں کی تفصیلات، پیش کرنے والے کا نام، پتہ اور بینک تفصیلات ذکر کریں۔<br>3۔ تبادلہ کی قدر بینک اکاؤنٹ میں ای سی ایس | ویسے ہی جیسا کہ سیریل نمبر II میں تذکرہ کیا گیا ہے۔ | **ای سی ایس:**<br>تبادلہ کی قدر مدعی کے اکاؤنٹ میں خراب نوٹوں کی وصولی کی تاریخ سے 15 کاروباری دنوں کے اندر کریڈٹ کر دی جائے گی۔<br><br>**ایم او/ڈی ڈی/پی او**<br>ایم او/ڈی ڈی/پی او خراب نوٹوں کی وصولی کی تاریخ سے 15 کاروباری دنوں کے اندر مدعی کو ارسال کیے جائیں گے۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | کے توسط سے بھی ادا کی جاسکتی ہے۔<br>4۔ تبادلہ کی شرح پیمنٹ آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ/منی آرڈر کے توسط سے بھی دی جاسکتی ہے۔<br>5۔ کسی پریشانی کی صورت میں آپ متعلقہ اجراء دفتر سے ذاتی طور پر یا ٹیلیفون پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ | | |
| IV | خاص طریقہ کار کے تحت خراب نوٹوں کا تبادلہ (ان نوٹوں کے لیے جو انتہائی بھر بھرے، بری طرح سے جلے ہوئے، جل کر سیاہ، اس طور پر آپس میں جٹ گئے ہوں کہ انھیں جدا نہ کیا جاسکتا ہو اور، اس لیے انھیں مزید کام میں نہیں لا جاسکتا ہو یا جو وقت گزرنے کے ساتھ اپنی ذاتی شناخت کھو سکتے ہوں) | 1۔ پوچھ تاچھ کاؤنٹر یا اے.جی.ایم/منتظم سے رابطہ کریں (دعووں کا سیکشن)<br>2۔ مجوزہ شکل میں درخواست جمع کریں۔<br>3۔ خراب نوٹ درخواست کے ساتھ جمع نہیں کیے جانے ہیں۔<br>4۔ دعووں کے سیکشن کی جانب سے اس تاریخ کے بارے میں اطلاع کا انتظار کریں جب نوٹوں کا فیصلہ کیا جائے گا۔<br>5۔ مقررہ تاریخ کو، خراب نوٹوں کو دعووں کے سیکشن کے یہاں لائیں۔<br>7۔ خراب نوٹوں کو چسپاں/تعمیر نو نہ کریں۔ خراب نوٹوں کو ان کی اصلی شکل میں لائیں۔ | ویسے ہی جیسا کہ سیریل نمبر II میں تذکرہ کیا گیا ہے۔ | ویسے ہی جیسا کہ سیریل نمبر II میں تذکرہ کیا گیا ہے۔ |
| V | سکوں کی فروخت کنندہ مشین (Coin Vending Machine) کے ذریعہ نوٹوں کو سکوں میں بدلنا | سکوں کی فروخت کنندہ مشین پر ظاہر کیے گئے طریقہ ہائے کار کی اتباع کریں۔ کسی مسئلہ کی صورت میں، برائے مہربانی پوچھ تاچھ کاؤنٹر یا نوڈل افسر سے رابطہ کریں۔ | مفت میں | بینکنگ گھنٹوں کے دوران مشین کے ذریعہ ادائیگی دیکھیں۔ |

**5۔ صارف سے متعلق مسائل کو دیکھنے کے لیے نوڈل افسر کا نام ریزرو بینک آف انڈیا کے متعلقہ علاقائی دفتروں میں دستیاب ہوتا ہے۔**

**6۔ شکایت کا ازالہ**

ایسی صورت میں کہ آپ کاؤنٹروں پر حاصل کردہ خدمات سے مطمئن نہیں ہیں یا بینک کے ذریعہ فراہم کی جارہی خدمات میں بہتری کے لئے کوئی مشورہ دینا چاہتے ہیں تو آپ اپنی شکایت/مشورہ کو ہمیں مندرجہ ذیل طریقوں پر بھیج سکتے ہیں:

(i) اپنی شکایت/مشورہ بینکنگ ہال میں اسی مقصد سے فراہم کردہ ڈراپ باکس میں چھوڑیں۔
(ii) اپنی شکایت/مشورہ کو پوچھ تاچھ کاؤنٹر پر دستیاب شکایت/مشورہ رجسٹر میں لکھیں۔
(iii) اپنی شکایت/مشورہ پوسٹ/کوریئر کے ذریعہ ریزرو بینک آف انڈیا کے عمومی ناظم/نائب عمومی ناظم، شعبہ اجراء کو بھیجیں۔
(iv) اپنی شکایت/مشورہ ہمارے پاس ای میل کے ذریعہ helpdcm@rbi.org.in یا dcmifcd@rbi.org.in پر بھیجیں۔
(iv) آپ اپنی شکایت کے ازالہ کے لیے شعبہ اجراء کے جی ایم/ڈی جی ایم/خزانچی سے ذاتی طور پر یا فون سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔
(vi) آپ کی شکایت/ مشورہ کو فوراً مانا جائے گا اور آپ کے خط موصول ہونے کی تاریخ سے لے کر ایک مہینہ کے اندر اندر مناسب کارروائی کی جائے گی۔

## 7۔خدمت کی عمومی شرائط

(i) بینک کے ذریعہ پھٹے/کٹے نوٹوں کا ریزروبینک آف انڈیا(نوٹ رقم واپسی) قوانین کے تحت اعزاز کے طور پر تبادلہ کیا جاتا ہے۔جب پھٹا/کٹانوٹ قوانین کے تحت قابل ادا نہ پایا جائے تو اسے مسترد کر دیا جاتا ہے اور استرداد کی رسمی اطلاع جاری کر دی جاتی ہے۔ مسترد کردہ نوٹ بینک کے ذریعہ برقرار رکھا جاتا ہے اور اسے چار مہینوں کے بعد برباد کر دیا جاتا ہے۔ پیش کنندہ متعلقہ اجراء افسر سے چار مہینوں کی تحفظ مدت کے دوران دوبارہ غور کرنے کی عرضداشت کر سکتا ہے۔

(ii) وہ نوٹ/سکے جنہیں جعلی/از خود گھڑا ہوا پایا جائے انہیں ضبط کر لیا جاتا ہے اور ان کی کسی قدر کی ادائیگی نہیں کی جاتی ہے۔اس طرح کے نوٹ/سکے پیش کنندہ کو رسمی اطلاع جاری کرنے کے بعد بینک کے ذریعہ برقرار رکھے جاتے ہیں۔

(iii) آربی آئی کے ذریعہ جاری کردہ تحفظ خصوصیات بینک کی ویب سائٹ پر عوام الناس کی معلومات کے طور پر دی جاتی ہیں۔

(iv) نوٹوں اور سکوں کے لیے مطالبہ صارف کے اصلی(genuine) کاروبار/ذاتی ضرورت کی مطابقت میں ہونا چاہئے۔

## 8۔گندے اور کٹے پھٹے نوٹوں اور سکوں کا اقتصادی بینکوں کے کاؤنٹر پر تبادلہ

(i) ریزروبینک آف انڈیا کے دفاتر منتخب مراکز پر واقع ہیں۔بینک نے، اسی لیے، گندے نوٹوں کا تبادلہ کرنے، نوٹوں کو سکوں میں بدلنے اور سکوں کو نوٹوں میں بدلنے کی سہولت کی جدولی بینکوں کی شاخوں پر فراہمی کا نظم کیا ہے۔ جبکہ گندے نوٹوں کا تبادلہ کرنے کی سہولت عوامی شعبہ کے بینکوں اور نجی شعبہ کے بینکوں کی تمام شاخوں پر دستیاب ہے، پھٹے/کٹے نوٹوں کے تبادلہ کی سہولت صرف اقتصادی بینکوں کی منتخب بینک شاخوں پر ہی دستیاب ہے۔ وہ منتخب بینک شاخیں جہاں کٹے پھٹے نوٹوں کا تبادلہ کیا جا سکتا ہو ان کی ایک فہرست آربی آئی دفاتر کے پوچھ تاچھ کاؤنٹر پر دستیاب ہے۔اس طرح کی منتخب بینک شاخوں میں ہدایات بھی ہوتی ہیں جن میں کٹے پھٹے نوٹوں کے تبادلہ کی سہولت کی دستیابی کے تعلق سے نوٹس بورڈ کا مظاہرہ رکھا جاتا ہے۔ایسی صورت میں کہ کوئی شاخ اس طرح کی تبادلہ سہولت فراہم کرنے سے انکار کرے، تو عوام الناس میں سے شاکی فرد متعلقہ اقتصادی بینک کے چیئرمین اور مینیجنگ ڈائریکٹر/سی ای او سے شکایت کر سکتا ہے۔ایسی صورت میں کہ شکایت کا ازالہ نہ کیا جائے، یہ معاملہ ریزروبینک آف انڈیا کے متعلقہ علاقائی دفتر کی جانکاری میں لایا جا سکتا ہے۔

(ii) دوسرے بینکوں کی شاخیں یعنی اشتراکی بینک اور علاقائی دیہاتی بینک متوقع طور پر اپنی سہولت کے اعتبار سے نوٹوں کا تبادلہ کر سکتے ہیں۔ان کو، تاہم، کٹے پھٹے نوٹوں کا تبادلہ کرنے کی طاقت نہیں ہے۔

## 9۔مشورہ/تبصرہ

ایسی صورت میں عوام الناس کے کسی فرد کے پاس شہریوں کے چارٹر کے تعلق سے پیش کرنے کے لیے کوئی مشورہ/تبصرہ ہو تو، وہ سربراہ منتظم عمومی، شعبۂ کرنسی مینیجمنٹ، ریزروبینک آف انڈیا، سینٹرل آفس، امر بلڈنگ، چوتھی منزل، سرپی ایم روڈ، فورٹ، ممبئی۔001 400 کو تحریر بھیج سکتا ہے۔

| سیریل نمبر | آربی آئی دفتر کا نام اور پتہ | فون نمبر | دائرہ اختیار |
|---|---|---|---|
| 1 | منتظم عمومی<br>ریزروبینک آف انڈیا،<br>شعبۂ اجراء<br>دوسری منزل، گاندھی پل کے پاس<br>احمد آباد۔014 380 | 079 - 27542115 | ریاست گجرات اور دادر ا اور نگر حویلی اور انڈمان اور دیو کے مرکز کے زیر انتظام علاقے |
| 2 | منتظم عمومی<br>ریزروبینک آف انڈیا، | 080 - 22215387 | ریاست کرناٹک |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | شعبہ اجراء<br>10/3/8، نروپتھو نگا روڈ،<br>بنگلور– 560 001 | | |
| 3 | نائب منتظمِ عمومی<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>شعبہ اجراء<br>پنڈت جواہر لال نہرو مارگ،<br>پوسٹ باکس نمبر 16،<br>بھونیشور۔751 001 | 0674 - 2394867 | ریاست اڑیسہ |
| 4 | نائب منتظمِ عمومی<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>شعبہ اجراء<br>ہوشنگا باد روڈ،<br>پوسٹ باکس نمبر 32،<br>بھوپال۔462 011 | 0755 - 2554551 | ریاست مدھیہ پردیش |
| 5 | نائب منتظمِ عمومی<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>شعبہ اجراء<br>پلاٹ نمبر 3، سیکٹر 10،<br>ایچ ایچ نرملا دیوی مارگ،<br>سی بی ڈی، بیلاپور،<br>(نیوی ممبئی) ۔400 614 | 022 - 27570105 | ریاست مہاراشٹرا اور ریاست گوا میں احمد آباد، کولھاپور، ناسک، پونے، رائیگڑھ، رتنگری، سانگلی، ستارا، سندھودرگ، شولاپور، اور تھانے کے ضلع۔ |
| 6 | منتظمِ عمومی<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>شعبہ اجراء<br>سینٹرل وسٹا، ٹیلیفون بھون کے سامنے،<br>سیکٹر 17،<br>چندی گڑھ۔160 017 | 0172 - 2784606 | ہریانہ، ہماچل پردیش، پنجاب کی ریاستیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقہ چندی گڑھ |
| 7 | منتظمِ عمومی<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>شعبہ اجراء<br>فورٹ گلاسس نمبر 16،<br>راجاجی سلائے،<br>چنئی۔600 001 | 044 - 25362041 | ریاست تامل ناڈو اور مرکز کے زیر انتظام علاقہ پانڈیچیری۔ |
| 78 | منتظمِ عمومی | 0361 - 2540035 | آسام، اروناچل پردیش، منی پور، |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ریزرو بینک آف انڈیا،<br>شعبۂ اجراء<br>اسٹیشن روڈ، پان بازار،<br>پوسٹ باکس نمبر120<br>گواہاٹی-001 781 | | میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ اور تریپورہ کی ریاستیں |
| 9 | منتظمِ عمومی<br>شعبۂ اجراء،<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>6-1-56، سیکریٹریٹ روڈ،<br>صافیہ آباد،<br>حیدرآباد-004 500 | 040 - 23237913 | ریاست آندھرا پردیش |
| 10 | نائب منتظمِ عمومی<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>شعبۂ اجراء<br>ریل ہیڈ کمپلیکس،<br>جموں-012 180 | 0191 - 2474891 | ریاست جموں و کشمیر |
| 11 | منتظمِ عمومی<br>شعبۂ اجراء<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>رام باغ سرکل، ٹونک روڈ،<br>پوسٹ باکس نمبر12،<br>جے پور-004 302 | 0141 - 2569704 | ریاست راجستھان |
| 12 | منتظمِ عمومی<br>شعبۂ اجراء<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>ایم.جی.مارگ،<br>پوسٹ باکس نمبر82/142<br>کانپور- 001 208 | 0512 - 2311485 | ریاست اترپردیش کے ضلعے: آگرہ، علی گڑھ، الہ آباد، اوریہ، باغپت، باندہ، بلند شہر، چترکوٹ، ایٹہ، اٹاوہ، فتح گڑھ، فتح پور، فیروزآباد، نوئیڈا، غازی آباد، حمیرپور، ہتھراس، اورئی، جھانسی، قنوج، کانپور، کوشامبی، للت پور، مہوبہ، مین پوری، متھرا، میرٹھ، مرزاپور، مظفر نگر، رامابائی نگر، روبرٹس گنج، اناؤ، مانیور کانشی رام نگر (کاس گنج)، پنچ شیل نگر (ہاپوڑ) اور اتراکھنڈ کے سارے ضلعے |
| 13 | منتظمِ عمومی | 033 - 22308344 | سکم، مغربی بنگال کی ریاستیں اور مرکز |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | شعبہ اُجراء<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>پوسٹ باکس نمبر 49<br>کولکاتہ۔700 001 | | | کے زیر انتظام علاقہ جزائر انڈمان و نکوبار۔ |
| 14 | نائب منتظمِ عمومی<br>شعبہ اُجراء<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>8-9، وپن کھنڈ،<br>گومتی نگر<br>لکھنؤ۔226 1010 | | 0522 - 2304409 | ریاست اترپردیش کے ضلعے:<br>امبیڈکر نگر، اعظم گڑھ، بہرائچ، بلیا، بلرامپور، بارہ بنکی، بریلی، بستی، بجنور، بداؤں، چندولی، دیوریا، فیض آباد، غازی پور، گونڈہ، گورکھپور، ہردوئی، جونپور، جے پی نگر، لکھیم پور کھیری، کشی نگر، لکھنؤ، مہراج گنج، مئو، مرادآباد، پیلی بھیت، پرتاپ گڑھ، رائے بریلی، رامپور، سہارنپور، سنت کبیر نگر، سنت روی داس نگر، شاہ جہاں پور، شراوستی، سدھارتھ نگر (نوگڑھ)، سیتاپور، سلطانپور، وارانسی، سی ایس ایم نگر، بھیم نگر۔ |
| 15 | منتظمِ عمومی<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>شعبہ اُجراء<br>مین بلڈنگ،<br>شہید بھگت سنگھ مارگ،<br>ممبئی۔400 001 | | 022 - 22703954 | گریٹر ممبئی یعنی جزیرہ ممبئی اور مضافاتی ضلع (تقریباً اس لائن کے جنوب میں جو دہسر اور ملنڈ کو بالترتیب مغربی اور مرکزی ریلویز پر مربوط کرتی ہے) |
| 16 | نائب منتظمِ عمومی<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>شعبہ اُجراء<br>مین آفس بلڈنگ،<br>ڈاکٹر رگھوبیندر راؤ روڈ،<br>پوسٹ باکس نمبر 15،<br>سول لائنس،<br>ناگپور۔440 001 | | 0712 - 2546719 | ریاست چندی گڑھ اور ریاست مہاراشٹرا میں آکولہ، امراوتی، اورنگ آباد، بیڑ، باندرہ، بلڈھانہ، چندرپور، دھولے، گڈچرولی، ہنگولی، جلگاؤں، جالنہ، لاتور، ناگپور، ناندیڑ، عثمان آباد، پربھنی، وردھا، یاوتمل ضلعے۔ |
| 17 | نائب منتظمِ عمومی<br>ریزرو بینک آف انڈیا،<br>شعبہ اُجراء<br>6، سنسد مارگ،<br>نئی دہلی۔110 001 | | 011 - 23710223 | ریاست دہلی |
| 18 | نائب منتظمِ عمومی | | 0612 - 2370814 | بہار اور جھارکھنڈ کی ریاستیں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | ریزروبینک آف انڈیا،<br>شعبۂ اجراء<br>جنوبی گاندھی میدان<br>پوسٹ باکس نمبر162<br>پٹنہ۔800 001 | |
| ریاست کیرالہ اور مرکز کے زیر انتظام علاقہ لکشدیپ | 0471 - 2324218 | نائب منتظمِ عمومی<br>ریزروبینک آف انڈیا،<br>شعبۂ اجراء<br>بیکری جنکشن،<br>پوسٹ باکس نمبر۔6507<br>ترونتپورم۔695 033 | 19 |
| ۔لاگو نہیں۔ | 0484 - 2405366 | منتظمِ عمومی<br>ریزروبینک آف انڈیا،<br>کرنسی تجوری<br>پوسٹ باکس نمبر3065<br>ارناکلم<br>کوچی۔682 018 | 20 |